**AQF / Hamid**

**18-10-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ NDA نے ملک کی ترقی اور غریبوں اور محروم طبقوں کو با اختیار بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

2 جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

3 بھارتی ریلویز نے پیشگی ٹکٹ بکنگ کی مدت 120 سے کم کرکے 60 دن کردی ہے۔

4 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مَلاوی کے اپنے ہم منصب Lazarus Chakwera کیساتھ بات چیت کریں گی۔

5 حماس کا سربراہ یحیٰی Sinwar جنوبی غزہ میں اسرائیلی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں مارا گیا ہے، جس کا پہلے سے کوئی منصوبہ نہیں تھا۔

6 اور کرکٹ میں، خواتین کے ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ میں جنوبی افریقہ، آسٹریلیا کو 8 وکٹ سے ہراکر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM NDA CMs CONCLAVE**

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہاہے کہ قومی جمہوری اتحاد NDA نے ملک کی ترقی اور غریبوں اور محروم طبقوں کو با اختیار بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ چنڈی گڑھ میں NDA کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کی میٹنگ کی صدارت کرنے کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہاکہ میٹنگ میں اچھی حکمرانی اور عوام کی زندگی اور رہن سہن کو بہتر بنانے کے طور طریقوں پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

بی جے پی کے صدر جے پی نڈا، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی اِس میں شرکت کی، جس میں ملک کی ترقی سے متعلق معاملات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ سموِدھان کا امرت مہوتسو منانے کا معاملہ بھی زیرِ غور آیا۔ اِس میٹنگ

میں NDA اتحاد کے تقریباً 17 وزراء اعلیٰ اور 18 نائب وزراء اعلیٰ نے شرکت کی۔ بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے کہاکہ یہ غیرکانگریسی سرکار کی ایسی پہلی میٹنگ ہے، جس میں سبھی پارٹیاں شریک ہوئیں اور مجموعی طور پر چھ قراردادیں منظور کی گئیں۔ اِدھر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کہاکہ انہیں ترقی یافتہ بھارت کے عزم کی تکمیل کیلئے مختلف نکات پر وزیراعظم کی طرف سے رہنمائی حاصل ہوئی ہے۔

**JHARKHAND NOTIFICATION**

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اِس مرحلے میں اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو 43 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 25 اکتوبر ہے۔ امیدوار دن میں گیارہ بجے سے سہ پہر 3 بجے تک اپنے پرچے بھر سکیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C KK Lal**

*کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 28 اکتوبر کو کی جائے گی۔ اس ماہ کی 30 تاریخ تک نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔ جھارکھنڈ میں آسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں ہوں گے۔ دوسرے مرحلے کی پولنگ 20 نومبر کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔ NDA اور آئی این ڈی آئی اے اتحاد، دونوں سیٹوں کی تقسیم کے تعلق سے اپنے اپنے اتحادیوں کے ساتھ بات چیت میں مصروف ہیں۔ اس بار بی جے پی، AJSU ، جنتادل یونائٹیڈ اور چراغ پاسوان کی قیادت والے LJP کے ساتھ مل کر انتخاب لڑرہی ہے۔ دوسری طرف جھارکھنڈ مکتی مورچہ، کانگریس، راشٹریہ جنتادل اور CPI-ML کے ساتھ انتخاب لڑے گا۔*

*کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**UP BY POLL NOTIFICATION**

اترپردیش میں 9 آسمبلی سیٹوں پر ضمنی چناؤ کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اس ماہ کی 25 تاریخ تک کاغذات نامزدگی داخل کئے جاسکیں گے۔ Milkipur کے علاوہ، جس سے متعلق ایک عذرداری الہ آباد ہائی کورٹ میں زیر التوا ہے، ریاست کی 9 آسمبلی سیٹوں پر ضمنی چناؤ ہونا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Sushil Tiwari**

**MAHA MCC IT DEPT**

مہاراشٹر میں انکم ٹیکس محکمے نے اعلان کیا ہے کہ وہ اسمبلی انتخابات کے دوران روپے پیسے کی طاقت کے بیجا استعمال کو روکنے کا پابند ہے۔ منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کی خاطر ممبئی کے انکم ٹیکس محکمے نے چناؤ اخراجات پر نظر رکھنے کیلئے دن رات کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ مثالی ضابطۂ عمل نافذ رہنے تک یہ نظام کام کرتا رہے گا۔ اِس طرح لوگ انتخابی مہم کے مقصد سے استعمال ہونے والی نقد رقم اور اہم اشیا کے بارے میں جانکاری فراہم کرسکیں گے۔ x

**RAILWAYS TICKETING**

بھارتی ریلویز نے پیشگی ٹکٹ بُکنگ کی مدت کم کرکے آدھی کردی ہے۔ ریلویز نے ایک بیان میں کہاہے کہ مسافر اب 60 دن پہلے ٹرین کے ٹکٹ بُک کراسکیں گے جبکہ پہلے یہ مدت 120 دن تھی۔

اِس تبدیلی کا اطلاق اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ہوگا۔ 31 اکتوبر تک مسافروں کیلئے اپنے سفر سے 120 دن پہلے ٹکٹ بُک کرانے کی سہولت دستیاب رہے گی۔ ریلویز نے کہاہے کہ تاج ایکسپریس اور گومتی ایکسپریس جیسی دن میں چلنے والی بعض ایکسپریس ریل گاڑیوں کے معاملے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، جہاں پہلے ہی پیشگی ریزرویشن کی مدت کم ہے۔ البتہ غیرملکی سیاحوں کیلئے ایڈوانس بُکنگ کیلئے وقت کی حد 365 دن کی سطح پر برقرار رہے گی۔ x

**KUMARASWAMY JOB FAIR**

بھارتی صنعتوں اور اسٹیل کے محکمے کے مرکزی وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی آج کرناٹک کے مانڈیا میں ایک بڑے جاب فیئر کا افتتاح کریں گے۔ سَرایم وِشویش وَریّا اسٹیڈیم میں منعقدہ اس دو روزہ تقریب میں 150 سے زیادہ کمپنیاں امیدواروں کو روز گار کے مختلف مواقع فراہم کریں گی۔ ان کمپنیوں میں اسٹیل اتھارٹی آف انڈیا، بھارت ہیوی الیکٹریکلس لمیٹڈ، نیشنل مِنرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن اور جندل اسٹیل شامل ہیں۔ Mandya to India نام کے اس جاب فیئر کا مقصد مانڈیا خطے سے تین ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا ہے۔ میڈیا کو دیئے گئے اپنے ایک بیان میں جناب کمارا سوامی نے اس بات پر زور دیا کہ مانڈیا ضلع میں ہُنر کی کوئی کمی نہیں ہے اور ہر سال اس کے تعلیمی اداروں سے کئی نوجوان گریجویٹ ہورہے ہیں۔ انہوں نے ان تعلیم یافتہ نوجوانوں کیلئے زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔x

**MP PINK ALARAMS**

مدھیہ پردیش میں اپنی نوعیت کی اولین پہل کے تحت Datia میں سرکار کے زیر انتظام چلنے والے ضلع اسپتال اور میڈیکل کالج میں Pink Alarms لگائے گئے ہیں۔ کولکاتہ میں RG Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک زیرتربیت ڈاکٹر کی

آبرو ریزی اور قتل کے واقعے کے پس منظر میں سرکاری اسپتالوں میں خواتین پر مشتمل عملے کی سلامتی اور تحفظ کا معاملہ سامنے آیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Sanjeev Sharma**

**Pink Alarm** کا یہ نظام ضلع کلکٹر سندیپ **Makin** نے تیار کیا ہے۔ **Alarm** کو دبانے کے بعد ایک سائرن بجے گا اور پانچ منٹ کے اندر سکیورٹی اہلکار مشکل میں گھری ہوئی خاتون تک پہنچ جائیں گے۔ سول سرجن اور اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر کے سی راٹھور نے بتایا کہ **Pink Alarms** زچہ بچہ وارڈ، ٹراما سینٹر اور نئے **OPD** بلاک میں لگائے گئے ہیں۔ حکام نے بتایا ہے کہ ریاست میں یہ ایسا پہلا سرکاری اسپتال ہے جہاں خواتین کی سکیورٹی کیلئے یہ سہولت فراہم کی گئی ہے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PREZ MALAWI VISIT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج ملاوی کے اپنے دورے کے دوسرے دن وہاں کے رہنماؤں کیساتھ باہمی بات چیت کریں گی اور اِس میں دونوں ملکوں کے وفود بھی شامل ہوں گے۔ صدر جمہوریہ تین افریقی ملکوں کے دورے پر گئی ہوئی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C Mayusha**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج جمہوریہ ملاوی کے صدر کے ساتھ باہمی بات چیت کرنے والی ہیں۔ اِس کے علاوہ مختلف معاملات پر وفود کی سطح کی بات چیت بھی ہوگی۔ صدرجمہوریہ قومی جنگی میموریل بھی جائیں گی۔ اِدھر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل شام بھارتی برادری کے لوگوں کے ساتھ گفتگو کی۔ انہوں نے بھارتی برادری پر زور دیا کہ وہ اچھا کام کرتے رہیں اور وِکست بھارت کے نظریے میں سرگرم ساجھیدار بنیں۔

**Lilongwe** سے میوشا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

**MEA MoS-INDONESIA**

خارجی اُمور کے وزیر مملکت **Pabitra Margherita** اس ہفتے اور اتوار کو انڈونیشیا کا دورہ کریں گے۔ وہ اتوار کے روز جکارتہ میں منتخب صدر **Prabowo Subianto** اور منتخب نائب صدر **Gibraqn Rakabuming Raka** کی

افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔یہ سال دونوں ملکوں کیلئے اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ ان کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 برس اور بھارت کی مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی پالیسی کی ایک دہائی مکمل ہورہی ہے، جس میں انڈونیشیا ایک اہم ستون ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ افتتاحی تقریب میں جناب **Margherita** کی شرکت سے بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان جامع کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے بھارت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔×

## ISRAEL-SINWAR KILLED

حماس کا سربراہ یحییٰ سِنوار جنوبی غزہ کے **Rafah** میں اسرائیلی فوج کے ساتھ ایک تصادم میں ہلاک ہوگیا ہے، جس کا پہلے سے کوئی منصوبہ نہیں تھا۔ موقع پر لی گئی تصویر میں سِنوار لڑائی کیلئے پہنی جانے والی ڈریس میں ہے اور وہ عمارت کے ملبے میں ہلاک نظر آرہا ہے، جسے ٹینک کے گولے سے نشانہ بنایا گیا۔ اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے فوجیوں کی ستائش کی ہے اور واضح کیا کہ چاہے فتح کتنی ہی بڑی ہو، لیکن یہ جنگ ختم نہیں ہوئی ہے۔ تاہم حماس نے اس ہلاکت کی ابھی تصدیق نہیں کی ہے۔ سِنوار اسرائیل پر گزشتہ برس 7 اکتوبر کے حملوں کا سرغنہ تھا۔

61 سالہ سنوار کو، جسے ابوابراہیم کے طور پر زیادہ جانا جاتا تھا، اس سال جولائی میں تہران میں اسماعیل ہانیہ کی ہلاکت کے بعد حماس کے سیاسی بیورو کا سربراہ مقرر کیا گیا تھا۔ امریکی وزیر خارجہ اینٹی بلنکن نے کہا ہے کہ سنوار کی ہلاکت کے پیش نظر غزہ میں جنگ ختم کرنے کیلئے امریکہ آئندہ دنوں میں اپنی کوششیں تیز کرے گا۔ اس دوران امریکی صدر جوبائیڈن اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی کیلئے کوشش کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ فون پر بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے اس کیلئے مل کر کام کرنے کا عہد کیا۔×

## WOMEN CRICKET WC

کرکٹ میں خواتین کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں کل دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل مقابلے میں جنوبی افریقہ نے دفاعی چمپئن آسٹریلیا کو ہراکر فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی۔ ایک اہم مقابلے میں جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا سے پہلے بلے بازی کرنے کو کہا۔ آسٹریلیا کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 134 رن بناپائی، جس کے جواب میں جنوبی افریقہ نے جیت کا نشانہ 18 ویں اوورس میں ہی حاصل کرلیا۔

آج دوسرے سیمی فائنل میں شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں نیوزیلینڈ کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ اس میچ کی فاتح ٹیم، اس اتوار کو دبئی میں جنوبی افریقہ کے ساتھ فائنل میچ کھیلے گی۔×

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں بھارت کی سرکردہ کھلاڑی پی وی سندھو کا آج ڈِنمارک اوپن میں خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں انڈونیشیا کی عالمی نمبر 8 کھلاڑی Gregoria Mariska Tunjung سے مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارت وقت کے مطابق سہ پہر چار بجکر 10 سے کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل سندھو نے پری کوارٹر فائنل میں چین کی Han Yue کو ہرایا تھا۔×

**CRICKET-NID-NZ**

بینگلورو کے ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں بھارت اور نیوزیلینڈ کے درمیان کھیلے جارہے پہلے ٹسٹ میچ کے تیسرے دن کا کھیل آج شروع ہوگا۔ کل دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے پر نیوزیلینڈ نے تین وکٹ پر 180 رن بنالئے تھے اور Rachin Ravindra اور Daryl Michell بلے بازی کررہے تھے۔ نیوزیلینڈ کو اس وقت میزبان ٹیم پر 134 رن کی سبقت حاصل ہے۔ اس سے قبل بھارتی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں محض 46 رن بناکر آل آوٗٹ ہوگئی تھی۔ یہ بھارت کا اب تک کا تیسرا سب سے کم اسکور اور گھریلو میدان پر ٹیسٹ میچ میں سب سے کم اسکور بھی ہے۔×

**SHOOTING-ISSF WC**

شوٹنگ میں نئی دلّی میں ISSF عالمی کپ کے فائنل میں بھارت کے Vivaan Kapoor نے Trap مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ Vivaan نے فائنل میں 44 پوائنٹ حاصل کئے۔ اس سے پہلے اننت جیت سنگھ نروکا نے Skeet فائنل شاٹ گن مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔×

**SAFF FOOTBALL IND-PAK**

خواتین کی سیف فٹبال چمپئن شپ میں کل نیپال کے کٹھمنڈو میں گروپ-اے کے ایک میچ میں بھارت نے پاکستان کو دو کے مقابلے پانچ گول سے کراری شکست دی۔ ایک طرفہ مقابلے میں پانچ مرتبہ کی چمپئن بھارتی ٹیم ہاف ٹائم کے وقت چار-ایک سے سبقت حاصل کئے ہوئے تھی۔23 اکتوبر کو گروپ-اے کے اپنے دوسرے میچ میں اب بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ فائنل اس ماہ کی 30 تاریخ کو کھیلا جائے گا۔×

**GOVT ONLINE SCAM**

سرکار اور Meta نے آن لائن گھپلوں کے بڑھتے ہوئے خطروں سے نمٹنے کیلئے ”Scam Se Bacho“ مہم کیلئے اشتراک کیا ہے۔ نئی دلّی میں مہم کے آغاز کے دوران اطلاعات ونشریات محکمے کے سکریٹری سنجے Jaju نے کلیدی خطاب کرتے

ہوئے مذکورہ پہل کو بروقت قرار دیا اور کہا کہ آن لائن فراڈ کے بڑھتے ہوئے خطرے سے لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے کی سمت یہ ایک ضروری قدم ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اِس سے ڈیجیٹل سیفٹی اور وجیلنس کے کلچر کو فروغ دینے کے سرکار کے موقف کی عکاسی ہوتی ہے۔

سکریٹری موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت میں 90 کروڑ افراد انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں اور ڈیجیٹل انڈیا پہل کے تحت غیرمعمولی ڈیجیٹل ترقی دیکھنے میں آئی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس پیشرفت کے ساتھ ساتھ سائبر دھوکہ دہی کے معاملات میں اضافہ ہوا ہے اور پچھلے سال گیارہ لاکھ کیس سامنے آئے۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم کے حوالے سے لکھا ہے کہ دنیا کو جنگ میں نہیں، بدھ کی تعلیمات میں حل ملے گا۔ اخبارات نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی موریطانیہ کے صدر کے ساتھ بات چیت میں باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کئے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔

نائب سنگھ سینی نے دوسری بار ہریانہ کے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیا، اخبار پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے اسے اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ دفعہ-6 اے آئینی قرار، اس خبر کو اخبار ملاپ نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ سنجیو کھنہ ہوں گے بھارت کے چیف جسٹس، چیف جسٹس چندر چوڑ نے مرکزی حکومت سے کی سفارش۔ اخبارات نے اس خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اب یکم نومبر سے ریزرویشن ٹکٹ کی بکنگ 60 دن پہلے ہوسکے گی۔ یہ خبر بھی سبھی اخباروں میں ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ غزہ میں اسرائیلی بمباری میں یحیٰ اسنوار ہلاک: اسرائیل کا دعویٰ۔

☆ جنوبی اور مشرقی لبنان پر اسرائیلی حملے، انخلا کی نئی وارننگ۔

☆ اسرائیل انسانی ہمدری کے مشن کو غزہ پہنچنے کی اجازت دے: ڈبلیو ایچ او کا بیان۔

☆ دنیا بھر میں ایک ارب سے زیادہ افراد شدید غربت کا شکار: یو این ڈی پی کی رپورٹ میں انکشاف۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ NDA نے ملک کی ترقی اور غریبوں اور محروم طبقوں کو با اختیار بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

2 جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

3 بھارتی ریلویز نے پیشگی ٹکٹ بُکنگ کی مدت 120 سے کم کرکے 60 دن کردی ہے۔

4 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مَلاوی کے اپنے ہم منصب Lazarus Chakwera کیساتھ بات چیت کریں گی۔

5 حماس کا سربراہ یحییٰ Sinwar جنوبی غزہ میں اسرائیلی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں مارا گیا ہے، جس کا پہلے سے کوئی منصوبہ نہیں تھا۔

6 اور کرکٹ میں، خواتین کے ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ میں جنوبی افریقہ، آسٹریلیا کو 8 وکٹ سے ہراکر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---